لُٹ کے زینب اٰئي ھے

لُٹ کے زینب اٰئي ھے

بین تھے یہ دُکھیا کے میں سکون کھاں پاؤں
ھائے میرے بھائي کو دھنوڈھنے کھاں جاؤں
اپنا منھ میں امّاں کو کس طرح سے دِکھلاؤں
دیکھو اب مدینۃ میں قسمت میري لائي ھے
لُٹ کے زینب اٰئي ھے لُٹ کے زینب اٰئي ھے

جس گھڑي چلي تھي میں ساتھ میرا بھائي
قلب و جان حیدر تھا شاہِ کربلائي تھا
فاطمۃ کا بیٹا تھا دین کا فدائي تھا
چھوڑ کر مدینے کو کربلاء بسائي ھے
لُٹ کے زینب اٰئي ھے لُٹ کے زینب اٰئي ھے

مر گئے علي اکبر مر گئے علي اصغر
رن میں ھو گئي پامال لاشِ قاسمِ مُضطر
سو رھا ھے دریا پر اِبنِ ساقيِّ کوثر
عون اور محمد کو رن میں کھو کے آئي ھے
لُٹ کے زینب آئي ھے لُٹ کے زینب آئي ھے
یہ لُٹا ھوا کنبه جب مدینے جائے گا
اور عابدِ بیمار کافلے میں آئے گا
حال اَپنے آنے کا کِس طرح سُنائے گا
زینبِ حزیں دیکھو ایك بھتیجا لائي ھے
لُٹ کے زینب آئي ھے لُٹ کے زینب آئي ھے
جب مدینة پهنچونگي کیا کهونگي لوگون سے
مر گیا میرا بھائي کیا کھو نگي لوگون سے
قتل ھو گئے عباس کیا کھونگي لوگون سے
آج میرے کنبے کو شام سے رِھائي ھے
لُٹ کے زینب آئي ھے لُٹ کے زینب آئي ھے

کیا خبر تھي یہ ظالم گھر میرا جلائینگے
میرے بھائي کہ سر کو نیزے پہ چڑھائینگے
تشنہ لب بھتیجے کو بیڑیاں پھنائینگے
فاطمة کي دُختر نے ھر ایذاء اُٹھائي ھے
لُٹ کے زینب آئي ھے لُٹ کے زینب آئي ھے

*****